# ٹاون میونسپل کارپوریشن ۔ نیو کراچی

## شعبہ اطلاعات وتعلقات عامہ

Email:aqeelakhtartmc@gmail.com

### پریس ریلیز

**نیو کراچی ٹاؤن میں 600 گلیوں کی پختگی کا پہلا مرحلہ جاری**

**چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف کا نیو کراچی ٹاؤن کی مختلف یوسیز کا دورہ جاری کام کا معائنہ**

**نیو کراچی کی عوام کو ایسے منصوبے ملنے چاہیے جو وقت کی کسوٹی پر پورے اتریں۔ چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف**

**خدمت کا جذبہ کسی سیاسی رنگ کا محتاج نہیں ہونا چاہیے۔ چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف**

مورخہ:13/اکتوبر 2025

نیو کراچی ٹاؤن میں ترقیاتی سرگرمیوں کا نیا باب رقم ہو رہا ہے۔ چیئر مین نیو کراچی ٹاؤن محمد یوسف نے حال ہی میں ٹاؤن کی مختلف یونین کونسلو کا تفصیلی دورہ کیا جہاں پیور بلاک کی تنصیب اور گلیوں کی پختگی کے کام جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ٹاؤن افسر فیصل صغیر، اشفاق حسین، ایکسی این بی اینڈ آر ڈیپارٹ اور کوڈینیٹر ٹو چیر مین حنظلہ انور قریشی سمیت مختلف یوسیز کے چیئر مین، وائس چیئر مین اور کونسلرز کی بڑی تعداد موجود تھی۔ دورے کے دوران چیئر مین نے کئی مقامات پر کام کے معیار اور رفتار کا معائنہ کیا اور افسران کو ہدایت دی کہ منصوبوں کی تکمیل میں معیار کو ہر حال میں ترجیح دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ سیوریج یا پانی کے مسائل جہاں بھی سامنے آئیں، وہاں فوری اقدامات کر کے عوامی مشکلات کو حل کیا جائے۔ نیو کراچی ٹاؤن میں 600 گلیوں کی پختگی کا یہ پہلا مرحلہ ہے جس کے مکمل ہونے کے بعد دوسرے مرحلے کا آغاز ہوگا۔ چیئر مین کا کہنا تھا کہ یہ منصوبہ عوامی سہولت کے جذبے کے تحت شروع کیا گیا ہے تاکہ رہائشی علاقوں میں بنیادی سہولیات بہتر ہو سکیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹاؤن میں مختلف یوسیز میں پارکس کی تزئین و آرائش اور سڑکوں کی تعمیر و مرمت کے کام بھی ساتھ ساتھ جاری ہیں، اور ہمارا مقصد یہ ہے کہ نیو کراچی کو صاف، خوبصورت اور فعال بلدیاتی نمونہ بنایا جائے۔ محمد یوسف نے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیو کراچی ٹاؤن کی قیادت سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر عوامی خدمت کو ترجیح دے رہی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ "ہم جماعتِ اسلامی سے تعلق رکھتے ہیں، لیکن ہماری پالیسی عوامی مفاد کی بنیاد پر ہے۔ ہم نیو کراچی کی تمام 13 یوسیز میں یکساں کام کروا رہے ہیں کیونکہ خدمت کا جذبہ کسی سیاسی رنگ کا محتاج نہیں ہوتا۔" انہوں نے واضح کیا کہ بعض جگہوں پر شہری مسائل کے حل میں میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور پیپلز پارٹی کی بلدیاتی ٹیم کی توجہ زیادہ تر اپنے مخصوص علاقوں تک محدود دکھائی دیتی ہے۔ محمد یوسف نے کہا کہ "اگر شہر کو واقعی ترقی دینی ہے تو ہر ٹاؤن، ہر یوسی کو یکساں اہمیت دی جانی چاہیے۔ نیو کراچی کے عوام بھی کراچی ہی کے شہری ہیں، ان کا بنیادی حق ہے کہ انہیں وہی سہولیات میسر ہوں جو دیگر علاقوں کو دی جا رہی ہیں۔ انہوں نے ٹاؤن کے عملے اور ملازمین کو متنبہ کیا کہ کسی بھی مرحلے پر کام کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ چیئر مین نے کہا کہ "میں چاہتا ہوں کہ نیو کراچی کے عوام کو ایسے منصوبے ملیں جو وقت کی کسوٹی پر پورے اتریں۔ کمزور مٹیریل سے بننے والا کام عوام کے ساتھ زیادتی ہے، اور میں یہ زیادتی ہرگز برداشت نہیں کروں گا۔" چیئر مین محمد یوسف کا کہنا تھا کہ ترقیاتی سفر ابھی طویل ہے مگر عزم پختہ ہے۔ نیو کراچی ٹاؤن کو ایک جدید، منظم بلدیاتی خطے میں تبدیل کرنے کے لیے ہر ممکن قدم اٹھایا جا رہا ہے۔

**جاری کردہ:۔**

**عقیل اختر**
**پبلک ریلیشن آفیسر**
نیو کراچی ٹاؤن

---